D.Ed./P-I/April-May 2015

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

سالانہ امتحان | ڈی ایڈ سال اول | اپریل/ مئی 2015 ء

پہلا پرچہ : ابھرتے ہندوستان میں تعلیم

Paper - I : Education in Emerging India

جملہ نشانات : 70 | وقت: 3 گھنٹے

حصہ الف

نوٹ : درج ذیل میں سے کوئی آٹھ سوالوں کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کے لیے پانچ (5) نمبرات مقرر ہیں۔ **(8 x 5 =40)**

1. تعلیم کی دو تعریفیں Definitions مغربی مفکرین کے حوالے سے بیان کریں۔
2. سماجیات Sociology کے تعلق سے پانچ مقاصد تعلیم (Aims of Education) کی نشاندہی کیجیے۔
3. قدریات Axiology کی تعریف پانچ جملوں میں کیجیے۔
4. فروبل Frobel نے اپنے تعلیمی خیالات میں کن مقاصد تعلیم Aims of Education پر زور دیا ہے؟
5. فطریت Naturalism میں کس طرح کے طریقہ تدریس Methodology of Teaching کو اہمیت دی گئی ہے؟
6. گلوبیت (Globalisation) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
7. ہندوستانی تمدن Indian Culture کی پانچ خاص خصوصیات Characteristics بیان کریں۔
8. ڈاکٹر ذاکر حسین نے قومی تعلیمی پروگرام Basic Education کی ترتیب میں کیا رول ادا کیا ہے؟
9. سرکاری مدارس میں تعلیم برائے اخلاقی نشوونما Education for Moral Development کو کس طرح فروغ دیا جاسکتا ہے؟
10. حقوق اطفال Child Rights کے ابلاغ Propagation میں معلم Teacher کیا رول ادا کرسکتا ہے؟
11. ماحولیاتی تعلیم Environmental Education پر آج کل کیوں زیادہ زور دیا جارہا ہے؟
12. کیا جدیدیت Modernization مغربی تمدن Western Culture کا دوسرا روپ ہے؟

حصہ ب

نوٹ : درج ذیل تین (3) سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کے دس (10) نمبرات مقرر ہیں۔ **(3 x 10 =30)**

13\. الف) فلسفہ افادیت Pragmatism میں طریقہ تدریس کے اندر منصوبی طریقہ Project Method پر خاص توجہ مرکوز کی گئی اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

یا

ب) کوٹھاری کمیشن نے اپنی سفارشات Recommendation میں Work Experience کا جو تصور پیش کیا ہے اسکی وضاحت کیجیے۔

14\. الف) ٹیگور Tagore اور مولانا آزاد Maulana Azad کے تعلیمی افکار کا ایک تقابلی مطالعہ پیش کیجیے۔

یا

ب) علمیات Epistemology اور تعلیم کے درمیان رشتے Relationship کو خاص نکات بیان کریں۔

15\. الف) حق اطلاع (RTI) کی کیا سماجی اہمیت ہے؟

یا

ب) خواتین کی تعلیم میں مساوی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے آپ کیا تجاویز پیش کرنا چاہیں گے؟

☆☆☆